ہے - الحمد للہ کہ پوری کتاب نہایت قیمتی جواہر سے لبریز ہے، اور بڑے بڑے لطیف نکات فاضل مصنف کے قلم سے نکلے ہیں مگر افسوس ہے کہ ہندوستان سے باہر طویل قیام کرنے کی وجہ سے فاضل مصنف اب اردو لکھنے پر اچھی طرح قادر نہیں رہے ہیں اور انکی تحریر عام ناظرین کے لیے ایک معمّا معلوم ہوتی ہے - کیا ہی بہتر ہوتا کہ مولانا کے ان پاکیزہ خیالات کو اردو زبان کا کوئی اچھا ادیب سلیس و عام فہم انداز بیان میں مرتب کر دیتا -

سیاسی انقلابات تالیف مولوی محمد میاں صاحب مراد آبادی معروف بہ "مسلم سوشلسٹ"، قیمت ۵ر تعداد صفحات ۸۰ ملنے کا پتہ :- کتب خانہ فخریہ شاہی کمپنی مراد آباد -

یہ کتاب سات ابواب پر مشتمل ہے - پہلے باب میں انبیاء کی بعثت کا مقصد بتایا گیا ہے دوسرے میں حقوق انسانیت پر بحث کی ہے - تیسرے باب میں ظہور اسلام سے پیشتر کی اور جو تھے میں موجودہ انسانی حالت کا نقشہ کھینچا ہے - پانچویں باب میں عقیدۂ توحید کی تشریح ہے اور چھٹے میں عقیدۂ رحمۃ اللعالمین کی پھر آخری باب میں یہ بتایا ہے کہ عقیدۂ توحید اور عقیدۂ رحمۃ اللعالمین کا اثر سیاسیات عالم پر کیا ہوا -

اصل اس کتاب کا موضوع نظریۂ سیاسی ہے اور اسکی اساس حجۃ اللہ البالغہ پر رکھی گئی ہے - قابل مولف نے مضمون کو اچھا نبا ہا ہے - اس کا مطالعہ فائدے سے خالی نہ ہوگا - کاش اتنے بلند نظریات رکھنے والے لوگ یہ محسوس کریں کہ بازار کے چلتے ہوئے ناموں کا سہارا لیکر اٹھنا کس قدر پست درجہ کا فعل ہے - اللہ کے رکھے ہوئے نام "مسلم" میں کس چیز کی کمی تھی کہ اس پر "سوشلسٹ" کے اضافہ کی ضرورت محسوس ہوئی ؟

حکومت الٰہی اور امامۃ امت کا دستور اساسی یہ دونوں پمفلٹ مولانا ابو الحامد محمد بن عبد اللہ انصاری نے تحریر فرمائے ہیں اور کتب خانہ فخریہ شاہی کمپنی مراد آباد نے شائع کیے ہیں - قیمت دونوں کی